Terms and Conditions for Bank Alfalah SnaPack Kids Account

شرائط وضوابط برائے بینک الفلاح سنے پیک کڈز اکاؤنٹ



Bank Alfalah

The Way Forward

Account Title
اکاؤنٹ کا نام

Account No.
اکاؤنٹ نمبر

Bank Alfalah
The Way Forward

Bank Alfalah SnaPack Kids Account Terms and Conditions

بینک الفلاح سنے پیک کڈز اکاؤنٹ شرائط وضوابط

1. Bank Alfalah SnaPack Kids Account ("Account") is an account which can be opened on behalf of a minor by the natural guardian/parent/ legal guardian (the "Guardian/Parent") of the minor. The Guardian/Parent hereby authorise the Bank to open such account at its discretion and as per applicable policy/procedure of the Bank.

بینک الفلاح سنے پیک کڈز اکاؤنٹ ("اکاؤنٹ") ایک ایسا طریقے کار اکاؤنٹ ہے جو نابالغ کے نام حقیقی والدین/سرپرست/قانونی سرپرست (سرپرست/والدین) کے ذریعہ کھولا جاسکتا ہے۔ سرپرست/والدین بینک کے مروجہ طریقے کار کے تحت بینک کو یہ اختیار دیں گے کہ وہ اپنی صوابدید پر یہ اکاونٹ کھول دے۔

2. A person is considered a minor, in case of natural guardian/parent, up to 18 years of age and in case of court appointed guardian up to the age of 21.

طبعی سرپرست/والدین کی صورت میں نابالغ 18 سال کی عمر تک تصور ہوگا اور عدالت سے تعینات کردہ سرپرست کی صورت میں 21 سال کی عمر تک۔

3. The title of the account will contain the name of the minor along with the name of the Guardian/Parent.

اکاؤنٹ کا نام نابالغ کے نام کے ساتھ سرپرست/والدین کے نام پر مشتمل ہوگا۔

4. The Guardian/Parent shall be fully responsible and liable with respect to the operation of the account.

نابالغ کے سرپرست/والدین تسلیم کرتے ہیں کہ یہ نابالغ کا اکاؤنٹ ہے اور سرپرست/والدین اکاؤنٹ چلانے کے حوالے سے مکمل ذمہ دار اور جوابدہ ہوں گے۔

5. The Guardian/Parent shall be required to provide proper identification in form of CNIC of the Guardian/Parent and B-Form/Birth Certificate of the minor.

سرپرست/والدین کو اپنے شناختی کارڈ اور نابالغ کے ب فارم/برتھ سرٹیفیکٹ کی صورت میں مکمل شناخت فراہم کرنا ہوگی۔

6. The account shall be a savings account. The Profit/Return will be calculated on the monthly average balance and disbursed on a monthly basis.

یہ اکاؤنٹ ایک سیونگز اکاؤنٹ ہوگا۔ منافع کا حساب ماہانہ اوسط پر کیا جائے گا اور اس کی ادائیگی ماہانہ بنیادوں پر ہی کی جائے گی۔

7. The funds may be withdrawn from the account through the use of a customised SnaPack Debit Card that will be issued by the Bank in the joint names of the minor and the Guardian/Parent. All rules/terms and conditions of the Bank pertaining to ATM/Debit Cards shall apply in this regard and the Guardian/Parent shall be bound by the same. The Guardian/Parent may provide and allow the minor possession and use of the Bank Alfalah SnaPack Debit Card. However, all responsibility and liability with respect of the safe custody, use and otherwise of all matters incidental thereto shall vest solely with the Guardian/Parent. ATM Pin issuance shall be provided to the Guardian/Parent and other verifications will be taken from the Guardian/Parent.

اکاؤنٹ سے فنڈز بینک الفلاح سنے پیک ڈیبٹ کارڈ کے استعمال سے نکالے جاسکتے ہیں جو بینک کی طرف سے نابالغ اور سرپرست/والدین کے مشترکہ ناموں پر جاری کیے جائیں گے۔ اے ٹی ایم/ڈیبٹ کارڈ سے متعلق بینک کے تمام قواعد وضوابط اس سلسلے میں لاگو ہوں گے اور سرپرست/والدین اس کے پابند ہوں گے۔ سرپرست/والدین بچے کو بینک الفلاح سنے پیک ڈیبٹ کارڈ کے قبضے اور استعمال کی اجازت دے سکتے ہیں۔ تاہم محفوظ تحویل، استعمال اور اس سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے تمام ذمہ داری مکمل طور پر سرپرست/والدین کی ہوگی۔ اے ٹی ایم پن کا اجرا سرپرست/والدین کو فراہم کیا جائے گا اور دیگر تصدیق سرپرست/والدین سے لی جائے گی۔

8. Customised free Cheque Book will be given to the Guardian/Parent for access to funds in the account.

سرپرست/والدین کو اکاؤنٹ تک رسائی کیلئے مخصوص چیک بک مفت فراہم کی جائے گی۔

9. The account will have a monthly capping of 3 free withdrawals subsequently and further withdrawals shall be subject to charge as per Schedule of Charges of the Bank.

اکاؤنٹ میں ماہانہ 3 دفعہ مفت رقم نکلوائی جاسکتی ہے اور مزید رقم نکلوانا بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق مشروط ہے۔

10. Initial deposit requirement is Rs. 100. However, there is no minimum balance maintenance requirement on the Account.

ابتدائی درکار ڈپازٹ 100 روپے ہے۔ اکاؤنٹ کیلئے کم سے کم درکار بیلنس میٹینینس کی کوئی شرط نہیں ہے۔

Bank Alfalah
The Way Forward

11. The account will automatically be flagged when the minor turns 18 (in case of natural guardian/parent) and 21 (in case of legal/court appointed guardian) and a debit block will be placed in the account.
جب نابالغ 18 سال (طبعی سرپرست/والدین کی صورت میں) اور 21 سال (قانونی/عدالتی مقرر کردہ سرپرست کی صورت میں) کا ہوگا تو اکاؤنٹ کی خودبخود نشاندہی ہوجائے گی اور ڈیبٹ بلاک اکاؤنٹ میں لگادیا جائے گا۔

12. Letter regarding minor attaining age of majority will be sent to the Customer (Guardian/Parent) one month before the date minor attains age of majority, which is 18 years, where, natural guardian/parent of minor has opened a minor account; and 21 years, where, the court has appointed a guardian.
نابالغ کے بلوغت کی عمر سے متعلق خط صارف/سرپرست/والدین کو نابالغ کے بالغ ہونے کی تاریخ سے ایک ماہ پہلے بھیجا جائے گا، جو کہ 18 سال ہے، جہاں، نابالغ کے قدرتی سرپرست/والدین نے نابالغ اکاؤنٹ کھولا ہے، اور 21 سال، جہاں، عدالت نے ایک سرپرست مقرر کیا ہے۔

13. After minor attains majority, which is 18 years in case of natural guardian and 21 years in case of legal/court appointed guardian, the Guardian/Parent shall have to close the account and upon the instructions of the minor who would have attained majority, the Bank may (at its sole discretion) open a new account in name of the minor who would have attained majority, after fulfilling all the necessary documentation and requirement for opening a new account, as per the policy/procedure of the Bank, as applicable from time to time.
نابالغ کے بلوغت کی عمر تک پہنچنے پر قدرتی سرپرست کی صورت میں جو کہ 18 سال اور عدالت کی جانب سے مقرر کردہ سرپرست کی صورت میں 21 سال ہے، سرپرست/والدین اکاؤنٹ بند کردیں گے اور بالغ ہونے والے فرد کی ہدایات پر بینک (اپنی خود کی صوابدید پر) نابالغ جو بالغ ہوگیا ہوگا اس کے نام پر نیا اکاؤنٹ کھولنے کی شرائط اور ضروری دستاویزات کی تکمیل پر بینک کی وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والی پالیسی/طریقہ کار کے مطابق نیا اکاؤنٹ کھولے گا۔

14. The process for closing of the account shall be as per the applicable policy/procedure of the Bank
اکاؤنٹ بند کرنے کا عمل بینک کے طریقہ کار اور مروجہ پالیسی کے مطابق ہوگا۔

15. The account will not be used for business/ other purposes.
اس اکاؤنٹ کو کاروباری/دیگر مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

16. SMS Alerts & E-statements will be sent free of cost to the natural guardian/parent/legal guardian.
قدرتی سرپرست/والدین/قانونی سرپرست کو ایس ایم ایس اور ای اسٹیٹمنٹ مفت بھیجی جائیں گی۔

17. These terms and conditions are in addition to and form an integral part of the regular terms and conditions of account opening and its maintenance.
یہ شرائط وضوابط اکاؤنٹ کھولنے اور اسے مینٹین کرنے کی ریگولر شرائط وضوابط کا باقاعدہ حصہ ہیں۔

The Guardian/Parent hereby agree that by signing below, the Guardian/Parent has read, understood and accepted the Terms and Conditions stipulated above and that the same shall be binding on the Guardian/Parent without any qualifications/restrictions.
سرپرست/والدین بذریعہ ہذا نیچے دستخط کرکے متفق ہیں کہ سرپرست/والدین اوپر درج شرائط وضوابط کو پڑھ، سمجھ اور تسلیم کرچکے ہیں اور کسی پابندی کے بغیر سرپرست/والدین اس کے پابند ہوں گے۔

Customer Signature
کسٹمر کے دستخط
(Copy Received and Accepted)
(نقل وصول اور قبول کی گئی)



Bank Alfalah

The Way Forward

021 111 225 111

bankalfalah.com